
CONSTRUCTION
INDUSTRY COUNCIL
建造業議會
کنسٹرکشن
انڈسٹری کونسل

生命第一
LIFE FIRST

# تعمیراتی سائٹس کے لیے COVID-19 سے بچاؤ کی احتیاطی تدابیر میں بہترین طرز عمل

(Urdu 烏爾都文)



## تعارف

یہ حوالہ جاتی دستاویز کنسٹرکشن انڈسٹری کونسل (CIC) نے COVID-19 وبا اور اس میں تعمیراتی مزدوروں کو لاحق خطرات مدنظر رکھتے ہوئے تیار کیا ہے۔ انڈسٹری کے تمام سٹیک ہولڈر یہاں بیان کردہ احتیاطی تجاویز پر عمل کریں اور تعمیراتی سائٹس پر بیماری سے متاثر ہونے کے امکانات کم سے کم رکھنے کے لیے مل کر کام کریں گے۔ مزید یہ کہ انڈسٹری اس حوالہ جاتی دستاویز کو سنٹر فار ہیلتھ پروٹیکشن (Center for Health Protection) کی طرف سے جاری کردہ اپ ڈیٹس کے ساتھ ملا کر استعمال کرے گی۔ کنٹریکٹر اپنی آپریشنل ضروریات کی بنیاد پر کنٹرول کے حوالے سے اقدامات ترتیب دیں گے اور تازہ ترین اپ ڈیٹس کے حوالے سے احتیاطی تدابیر کا جائزہ لیتے رہیں گے۔

## کام کرنے والی سائیٹ پر داخل ہونے پر





- سائٹ میں داخل ہونے والے ہر شخص کو رجسٹر کیا جائے اور اس کی معلومات، بشمول رہائش کا پتہ، رابطے کی تفصیل، داخلے کا وقت اور تاریخ ریکارڈ کی جائیں۔
- سائٹ میں داخل ہونے والے تمام افراد ہیلتھ ڈیکلریشن فارم مکمل کریں، ان کا جسمانی درجہ حرارت چیک کیا جائے اور ماسک یقینی بنایا جائے۔
- سائٹ میں داخل ہونے والے تمام افراد کو تجویز دی جائے کہ وہ حکومت کی طرف سے لانچ کردہ ایپ ''LeaveHomeSafe'' استعمال کریں۔
- کام کرنے والوں کی ہر ٹیم کے ہیلمٹوں پر رنگین سٹیکر چسپاں کیے جائیں تاکہ وہ ایک دوسرے کو باآسانی پہچان سکیں۔
- کام کرنے والوں کو وبا اور اس کے خلاف حفاظتی اقدامات کے بارے میں تازہ ترین معلومات اور ٹریننگ باقاعدگی سے فراہم کی جائیں۔
- COVID-19 کے مشتبہ اور مصدقہ مریضوں کے حوالے سے اطلاع رسانی کا نظام وضع کیا جائے۔
- ہیلتھ ڈیکلریشن فارم کا نمونہ اس ڈاکومنٹ کے آخر میں موجود QR کوڈ کی مدد سے ڈاؤن لوڈ کیا جا سکتا ہے۔

## کپڑے تبدیل کرنے والے کمرے (چینجنگ روم) کا استعمال

- تبدیل کرنے والے کمرے میں اتنی جگہ ہونی چاہیے کہ اسے استعمال کرنے والے تمام افراد فاصلہ قائم رکھ سکیں۔ دوسری صورت میں تمام لوگ ماسک لازمی پہنیں اور ایک دوسرے سے 1.5 میٹر کا فاصلہ رکھیں۔
- ہر سہولت کے حجم کی بنیاد پر ایک وقت میں کمرے میں موجود افراد کی زیادہ سے زیادہ تعداد سماجی فاصلے کی ہدایات کی روشنی میں متعین کی جائے۔
- تبدیل کرنے والا کمرہ ہوا دار، صاف ستھرا ہو اور اس میں باقاعدگی سے جراثیم کش سپرے کیا جائے۔
- کراس انفیکشن کے خاتمے کے لیے ہر ٹیم کے لیے علیحدہ چینجنگ روم کا بندوبست کیا جائے۔ اگر سائٹ مطلوبہ تعداد میں تبدیل کرنے والا کمرہ مہیا نہ کرے سکے تو ہر ٹیم باری باری تبدیل کرنے والے کمرے کا استعمال کرے۔ ہر ٹیم کے بعد تبدیل کرنے والے کمرے کی صفائی کی جائے اور جراثیم کش سپرے کیا جائے۔




## فرنٹ لائن ورک کا بندوبست




- ممکن ہو تو کام کے اوقات میں لچک لائی جائے سائٹ پر رش نہ ہو۔
- ہر ورک زون اور ورک ٹیم کی حدود کی واضح نشاندہی کی جائے۔
- ہر ٹیم اپنے متعلقہ ایریا میں رہ کر کام کرے۔
- ورک زون کی حدود کی واضح نشاندہی کی جائے۔ اگر ایک ورک زون میں ایک سے زیادہ ٹیمیں کام کر رہی ہیں تو ہر ورک ٹیم کم از کم 1.5 میٹر کا فاصلہ رکھے۔
- ہر ٹیم کے ورکرز کے ہیلمٹوں پر ایک ہی رنگ کے سٹیکر چسپاں کیے جائیں تاکہ وہ ایک دوسرے کو پہچان سکیں۔
- ایک ہی ٹیم اور کام کی جگہ پر کام کرنے کے لیے کام کرنے والوں کی ترتیب بنائی جائے تاکہ زیادہ لوگ ایک ہی وقت مینکام کی جگہ پر جمع نہ ہوں۔

## کھانا اور آرام کا بندوبست



- علیحدہ ورک ٹیموں کے لیے کھانے اور آرام کے وقت میں لچک لائی جائے تاکہ ورکرز ایک دوسرے سے فاصلے پر رہیں۔ مشترکہ جگہوں کو باقاعدگی سے جراثیم کش مواد سے صاف کیا جائے۔
- ممکن ہو توکام کرنے والوں کے لیے لانچ باکس کا اہتمام کیا جائے۔
- کھانے اور آرام کے لیے اتنی جگہ ہو کہ ورکرز 1.5 میٹر کے سماجی فاصلے پر عمل کر سکیں۔
- کھانے اور آرام کی جگہ پر صفائی اور ڈس انفیکشن کے لیے مطلوبہ اہتمام یقینی بنایا جائے۔

## حفاظتی تدابیر کا معائنہ




- حفاظتی تدابیر کا پروگرام ترتیب دیا جائے، وبا کے خلاف کام کرنے والے سپروائزر مقرر کیے جائیں تاکہ تدابیر پر عمل درآمد یقینی بنایا جائے اور اس حوالے سے فوری طور پر رہنمائی فراہم کی جا سکے۔
- صبح کی بریک سہ پہر کی بریک، لنچ بریک اور شفٹ کے اختتام پر انسپکشن کی جائے تاکہ حفاظتی تدابیر پر سختی سے عمل درآمد یقینی بنایا جائے۔ ضرورت پڑنے پر سپروائزر اچانک دورے کرے اور دیکھے کہ ورکرز حفاظتی اقدامات، جیسا کہ ماسک پہننا، پر عمل کر رہے ہیں یا نہیں۔ تعمیراتی سائٹ پر ہر عہدے کے افراد حفاظتی اقدامات پر عمل درآمد کا روزانہ جائزہ لیں۔
- منتظمین اور تعمیراتی سائٹ پر تمام سطحوں کے لوگوں کو متعلقہ حفاظتی اقدامات کے نفاذ پر روزانہ جائزہ لینا چاہئے
- حفاظتی تدابیر کے انسپکشن فارم کا نمونہ اس پرچے میں دئیے گئے QR کوڈ کے ذریعے بھی ڈاؤن لوڈ کیا جا سکتا ہے۔

## صفائی میں بنیادی ضوابط




- مختلف مقامات، آلات اور سہولیات کے لیے صفائی اور جراثیم کے خاتمے کا متعلقہ بندوبست کیا جائے۔ بالخصوص ایسی جگہوں کے لیے جو سب کی مشترکہ ہوں جیسا کہ مرکزی دروازے، میٹنگ کا کمرہ، تربیت کا کمرہ، تبدیل کرنے کا کمرہ، بیت الخلاء اور پلانٹ چلانے والا کیبن۔
- ورکرز کو ماسک (لازمی ہو تو) اور صفائی کا دوسرا سامان مہیا کیا جائے جیسا کہ صابن یا ہینڈ واش اور الکوحل والا ہینڈ سینیٹائزر۔
- صفائی اور ڈس انفیکشن کے بارے میں مزید معلومات کے لیے سنٹر فار ہیلتھ پروٹیکشن کی سفارشات سے رجوع کریں۔

# تعمیراتی انڈسٹری کے لیے COVID-19 ٹیسٹنگ سروس سکیم

COVID-19 کی وبا میں مسلسل تیزی ا رہی ہے۔ تعمیراتی سائٹس پر وائرس سے بچاؤ کے لیے CIC اور ہانگ کانگ کنسٹرکشن ایسوسی ایشن (Hong Kong Construction Association - HKCA) نے ڈویلپمنٹ بیورو آف HKSAR گورنمنٹ (Development Bureau of the HKSAR Government) کے تعاون سے 22 دسمبر 2020 کو 'کنسٹرکشن انڈسٹری COVID-19 ٹیسٹنگ سروس سکیم' (Construction Industry COVID-19 Testing Service Scheme) کا آغاز کیا ہے۔

اس کے اخراجات CIC اور HKCA برداشت کریں گے جبکہ ڈویلپر/مین کنٹریکٹرکو صرف بنیادی ٹیسٹنگ فی کچھ حصہ ادا کرنا ہو گا تاکہ کنسٹرکشن ورکرز اور سائٹ سٹاف کو نیوکلیک ایسڈ COVID-19 ٹیسٹنگ سروس فراہم کی جائے جنھوں نے رضاکارانہ طور پر یہ سوچ کر سکیم میں شمولیت اختیار کی ہو کہ وہ نمونہ لینے اور واپس کرنے میں لگنے والا وقت بچائیں، فرنٹ لائن ورکرز کو ٹیسٹنگ کی طرف راغب کریں، ان کی سلامتی اور صحت یقینی بنائیں اور ان کے خاندانوں کا تحفظ کریں۔


## تسلیمات

کنسٹرکشن انڈسٹری کونسل اس پرچے کی تیاری میں مدد دینے پر مندرجہ ذیل اداروں کی شکرگزار ہے (نام کسی خاص ترتیب سے نہیں):

ہانگ کانگ کنسٹرکشن ایسوسی ایشن (HKCA)
دی ہانگ کانگ رجسٹرڈ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن (HKRCA)
ہانگ کانگ کنسٹرکشن سب کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن (HKCSA)
کنٹریکٹرز اتھرائزڈ سگنیٹری ایسوسی ایشن (CASA)
ہانگ کانگ جنرل بلڈنگ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن (HKGBCA)
ہانگ کانگ فیڈریشن آف الیکٹریکل اینڈ مکینیکل کنٹریکٹرز (HKFEMC)
رجسٹرڈ سپیشلسٹ ٹریڈ کنٹریکٹرز فیڈریشن (RSTCF)


تعمیراتی انڈسٹری کے لیے COVID-19 ٹیسٹنگ سروس سکیم

صحت ظاہر کرنے کے فارم کا نمونہ

حفاظتی تدابیر کے معائنے کے فارم کا نمونہ

## دستبرداری


یہ ریفرنس مذکورہ بالا یا کسی دوسرے موضوع پر ماہرانہ رائے تصور نہ کی جائے۔ CIC (بشمول اس کے ارکان اور ملازمین) اس ریفرنس کے استعمال یا استعمال نہ کرنے سے ہونے کے نتائج کے ذمہ دار نہیں۔ تفصیلات کے لیے رابطہ کریں: 9000 2100۔


سنٹر فار ہیلتھ پروٹیکشن نے شہریوں کے سوالات کے جواب کے لیے COVID-19 اور ریسپائریٹری ٹریکٹ انفیکشن کے کیسز کے لیے ہاٹ لائن مقرر کی ہے (فون نمبر: 1122 2125 صبح 9 سے رات 8 بجے)۔ کسی حوالے سے آپ کے ذہن میں کوئی سوال ہو تو سنٹر فار ہیلتھ پروٹیکشن سے رابطہ کریں۔